فہرست ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری

(مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری)

(جلد اول)

مرتبہ:

سید جمیل احمد رضوی

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی لاہور

جملہ حقوق محفوظ

....

سلسلہ مطبوعات: ۱۶۷

جون 1996ء

نام کتاب:	فہرست ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور
مصنف:	سید جمیل احمد رضوی
ناشر:	ڈاکٹر وحید قریشی جنرل سیکرٹری مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ۹۳ے۔ این، سمن آباد لاہور
مطبع:	اظہر سنز پرنٹرز ۱۰۸ لٹن روڈ، لاہور
اشاعت اول:	۱۹۹۶ء
صفحات:	۹۰۴
قیمت:	۴۵۰ روپے

انتساب

محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری

کے نام جنھوں نے اپنی زندگی کا قیمتی اثاثہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بطور عطیہ عنایت کر دیا
تاکہ علم کی روشنی پھیلے اور کتاب کی خوشبو عام ہو۔

فہرست مندرجات

اس فہرست کی ترتیب کسی خاص منصوبے کے تحت موضوعاتی نہیں ہے
فہرست سازی کے دوران کوشش کی گئی کہ ایک موضوع پر کتابیں اکٹھی ہو جائیں ، تاہم اس اصول کی سختی سے پابندی ممکن نہ تھی ، کیونکہ کئی مراحل میں کتابوں کو ترتیب دیا گیا ۔ درج ذیل فہرست سے کافی حد تک موضوعاتی رسائی میں مدد مل سکتی ہے ۔ موضوع / زبان کے سامنے اس صفحہ / صفحات کی نشاندہی کر دی ہے جہاں سے اس زبان یا موضوع کی کتابوں کا اندراج شروع ہوتا ہے ۔

تعارف

پنجاب یونیورسٹی پاکستان کی قدیم ترین یونیورسٹی ہے ۔ یہ ۱۸۸۲ء میں قائم ہوئی ۔ اس کی لائبریری وطن عزیز کا سب سے بڑا کتب خانہ ہے ۔ اس میں اس وقت کتابوں کی تعداد تین لاکھ ستر ہزار کے قریب ہے جن میں بیس ہزار سے زائد مخطوطات بھی شامل ہیں ۔ لائبریری میں سولہ ذاتی ذخائر کتب محفوظ ہیں ۔ ان ذخیروں کو یونیورسٹی نے خریدا یا بطور عطیہ لائبریری میں وصول ہوئے ۔ ان کی موجودگی سے اس کتب خانے کو جنوبی ایشائی ممالک کے کتب خانوں میں ایک اہم مقام حاصل ہو گیا ۔ ان کے نام یہاں پر درج کیے جاتے ہیں ۔ ذخیرہ پرسیول ، ذخیرہ آزاد ، ذخیرہ شہاب الدین ، ذخیرہ پیر زادہ ، ذخیرہ کیفی ، ذخیرہ وولز (Woolner) ، ذخیرہ شیرانی ، ذخیرہ اقبال ، ذخیرہ محبوب عالم ، ذخیرہ آذر ، ذخیرہ عتیقی ، ذخیرہ روحی ، ذخیرہ میمن ، ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، ذخیرہ میاں محمد دین کلیم اور ذخیرہ پروفیسر عبدالقیوم (۱)

محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری لاہور کی ایک معروف اور نامور علمی شخصیت ہیں ۔ انہوں نے اپنا قیمتی اور قابل قدر ذخیرہ کتب پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بطور عطیہ عنایت کر دیا ۔ یہ ۲۴ دسمبر ۱۹۸۹ء کو لائبریری میں منتقل ہوا ۔ اس وقت زیر حوالہ ذخیرے میں کتب کی تعداد ۵،۳۲۴ تھی ۔ حکیم صاحب اپنے ذخیرے کے لیے مسلسل کتابیں بھجواتے رہتے ہیں جو اس میں شامل کر دی جاتی ہیں ۔ اب تک اس ذخیرے میں کتابوں کی کل تعداد ۸،۳۱۵ (بشمول جلدیں و نسخ) ہو گئی ہے ۔ اس ذخیرے کے وصول ہونے سے لائبریری میں گراں قدر اضافہ ہوا ہے ۔

سید محمد عبداللہ قادری حکیم صاحب کے ابتدائی حالات کے بارے میں لکھتے ہیں :

امرتسر کے مشہور عالم، عارف اور ممتاز طبیب حکیم فقیر محمد چشتی نظامی رحمتہ اللہ علیہ (۱۸۹۴ء ـــ ۱۹۵۲ء) بن حکیم نبی بخش چشتی امرتسری علیہ الرحمتہ کے ہاں پیدا ہوئے اور عربی صرف و نحو کی تحصیل مفتی عبدالرحمٰن ہزاروی مدرس مدرسہ نعمانیہ امرتسر سے کی ۔ پھر حضرت علامہ محمد عالم آسی (المتوفیٰ ۱۹۴۴ء) سے استفادہ کیا ۔ والد ماجد سے مثنوی مولانا روم کے پہلے دفتر سبقاً سبقاً پڑھے اور علم طب کی تحصیل کی (۲)

حکیم صاحب کی علم دوستی کے بارے میں سید شریف احمد شرافت نوشاہی نے لکھا:

" ان (حکیم صاحب) کا مطب عالموں ، فاضلوں ، مورخوں ، مصنفوں ، محققوں ، ادیبوں ، شاعروں ، فلاسفروں اور پروفیسروں وغیرہ کا مرکز ہے پاکستان کے تمام بڑے شہروں کراچی ، حیدر آباد ، سکھی ، بہاولپور ، ملتان ، لائل پور ، لاہور ، گوجرانوالہ ، گجرات ، راولپنڈی ، پشاور وغیرہ کے اکابر اہل علم حضرات حکیم صاحب کے پاس آتے رہتے ہیں اور ان سے مستفید ہوا کرتے ہیں بلکہ دوسرے ممالک ہندوستان ، افغانستان ، ایران اور عرب کے عمائد بھی تشریف فرما ہوتے رہتے ہیں ۔ حکیم صاحب کی ذات محسن ملت ہے ۔ ہر ایک اہل علم کی بے لوث علمی مدد کرتے ہیں " (۳)

محترم حکیم صاحب جس طرح تحقیق کرنے والوں کی مدد کرتے ہیں ، اس کی تصویر جناب پروفیسر محمد صدیق نے ان الفاظ میں کھینچی ہے:

" وہ اگرچہ باقاعدہ تدریس تو نہیں کرتے مگر استاد الاساتذہ ہیں ۔ طلباء ، علم کے شایق اور سکالرز دور دور سے ان کے پاس آتے رہتے ہیں اور وہ ملکی اور غیر ملکی محققین جس موضوع پر کام کر رہے ہوتے ہیں ، اس کی مشکلات کے حل اور تلاش مواد کے متعلق خاطر خواہ معلومات سے مملو جاتے ہیں ، اپنے موضوع پر بحث کرتے ہیں اس کی الجھنوں کو سلجھاتے ہیں اور پھر انہیں اپنے مسائل کا حل مل جاتا ہے ۔ باتوں باتوں میں زیر بحث موضوع سے متعلق

جہاں جہاں اور جس جس کتاب یا رسالہ میں مواد موجود ہوتا ہے ۔ اس کی ایک فہرست تیار ہو جاتی ہے ۔ ان کا مطب نہ صرف جسمانی مریضوں کو شفا بخش ادویات فراہم کرتا ہے بلکہ متلاشیان علم کے لئے بھی مجرب نسخے تجویز کرتا ہے ۔ جس سے وہ ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہو جاتے ہیں " (۴)

ایک امریکی سکالر Arthur Frank Buehlar نے ۱۹۹۳ء میں ہارورڈ یونیورسٹی میں پی ایچ ۔ ڈی کا ایک مقالہ پیش کیا ۔ یہ پنجاب میں نقشبندی روحانی اتھارٹی ۱۸۵۷ء ۔۔ ۱۹۴۷ء کے بارے میں تھا ۔ اپنی تحقیق کے سلسلے میں وہ لاہور میں قیام کے دوران حکیم صاحب سے بھی راہنمائی لیتے رہے ۔ انہوں نے اپنے مقالے کے آغاز میں اظہار تشکر کے ذیل میں حکیم صاحب کا شکریہ ایک پیرے میں ادا کیا ہے ۔ اس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو سکے کہ ایک مغربی محقق حکیم صاحب کی علمی مدد کو کس انداز میں بیان کرتا ہے :

" میرے بشریاتی عملی تجربے کا سب سے بڑا حصہ نہ ختم ہونے والی اس تلاش و جستجو کا نتیجہ ہے جو مجھے صوفیانہ مواد کے لیے کرنا پڑی ۔ یہ مواد پاکستان بھر میں ذاتی اور عوامی ذخائر (کتب) میں بے ربط انداز سے بکھرا پڑا ہے کون سی کتب لکھی گئیں اور کہاں موجود ہیں ؟ ۔ یہ جاننے کے لیے مرکز حکیم صاحب کی شخصیت تھی جو دراصل کتابیاتی معلومات کا ایک زندہ خزانہ ہیں ۔ انہوں نے ہی اس تحقیق میں میری سب سے زیادہ راہنمائی کی ۔ بہت سے لوگوں کے لیے حکیم صاحب ایک صوفی ہیں جن کا پیشہ (یونانی) طبابت ہے ۔ میں ہفتے میں ایک بار ان کے مطب میں حاضری دیتا جہاں وہ فاضل سکالروں اور مصنفین کے ملے جلے سامعین کے درمیان مسند صدارت پر جلوہ افروز ہوتے اور اس کے ساتھ ساتھ مریضوں کی ایک قطار مطب میں داخل ہوتی اور چلی جاتی ۔ جاری علمی گفتگو اور نسخہ نویسی کے دوران وہ مجھے لاہور شہر کے قرب وجوار میں کتابیں تلاش کرنے کے لیے دس (بہت سے) کام بتا دیتے ۔ جب میں

یہ کام مکمل کر لیتا، تو ان کو جا کر بتاتا۔ وہ کئی اور کام مجھے تفویض کر دیتے۔ اگرچہ میں نے شروع میں اس طریق کار کو پسند نہ کیا۔ کیونکہ میں کم علمی کی وجہ سے کتابوں کے بارے میں ہی سوچتا۔ انجام کار میں ایسے مقامات پر گیا جہاں میں دوسری صورت میں کبھی نہ جاتا۔ جیسے قرآنی مکاتب، مساجد اور یہاں تک کہ کپڑے کی دکان بھی۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا کہ میں ان کتب کو نہ پاتا جن کی وہاں ملنے کی امید ہوتی، تاہم اس دوران میں نے پاکستانی کلچر اور مذہب کے بارے میں بہت کچھ جان لیا" (۵)

حکیم صاحب کی شخصیت کے علمی پہلو اور کتابوں کی جمع آوری کے بارے میں راقم السطور نے اپنے ایک مقالے میں لکھا:

علمی دنیا میں حکیم صاحب کی علم دوستی اور معارف پروری معروف ہے۔ کتاب کے ساتھ محبت ان کا طرۂ امتیاز ہے۔ کتاب کی مفت تقسیم ان کا شعار ہے۔ تصنیف و تالیف کا کام کرنے والوں کی مدد اور رہنمائی ان کا معمول ہے۔ ان کے مطب میں جہاں جسمانی عوارض کے مریض دوائی لینے کے لیے آتے ہیں۔ وہاں علمی پیاس بجھانے والے بھی کثیر تعداد میں آتے ہیں۔ کتابوں کی جمع آوری اور حفاظت حکیم صاحب کا محبوب مشغلہ ہے۔ یہ ان کو وراثت میں ملا ہے ان کے والد ماجد فخر الاطباء حکیم فقیر محمد چشتی امرتسری (المتوفیٰ ۱۹۵۲ء) کا امرتسر میں مرجع خلائق مطلب تھا۔ بقول حکیم صاحب مرحوم کا کتابوں کو جمع کرنے کا ذوق علم طب اور تصوف کے موضوعات سے متعلق تھا ان علوم پر انہوں نے قریباً چار ہزار کتابیں امرتسر میں جمع کر رکھی تھیں حکیم صاحب کے بڑے بھائی (حکیم غلام قادر صاحب المتوفیٰ ۱۹۷۵ء مدفون ملتان) کا ذوق ہمہ جہتی تھا۔ انہوں نے بیس ہزار کے قریب کتابیں جمع کی تھیں۔ اس طرح امرتسر میں ان کے پاس چوبیس ہزار کے قریب

کتابوں کا ذخیرہ تھا ۔ یہ سب کتابیں امرتسر میں فسادات کے زمانے ۱۹۴۷ء میں ضائع ہو گئیں ۔ جس مکان میں کتب رکھی تھیں ، اس کو ہندوؤں نے آگ لگا دی تھی ۔ اس طرح یہ قیمتی علمی سرمایہ ضائع ہو گیا (۶)

۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان پر آپ امرتسر سے ہجرت کر کے لاہور آ گئے ۔ کتابوں کی جمع آوری کا کام جاری رہا ۔ جس کے نتیجے میں ایک بہت قابل قدر ذخیرہ جمع ہو گیا ۔ حکیم صاحب نے یہ گراں قدر اثاثہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بطور عطیہ دینے کے لیے راقم کے نام ایک مکتوب مورخہ ۲۴ جون ۱۹۸۹ء ارسال کیا ۔ اس میں آپ نے تحریر فرمایا:

" میں اپنی تمام کتابیں پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو تحفتہً دینا چاہتا ہوں ۔ آپ کا ادارہ مجھے کیا کیا مراعات دے گا اور کیا میرے نام پر کلیکشن قائم ہو گا ؟ براہ کرم جواب سے سرفراز فرمائیں " ۔

نوٹ: " باقاعدہ کارروائی کا طریق کار بھی تحریر فرمائیں " (۷)

اس چٹھی کے متعلق چیف لائبریرین سے مشورہ کیا گیا ۔ ان کے مشورے کے مطابق راقم ۱۷ جولائی ۱۹۸۹ء کو حکیم صاحب سے بات چیت کرنے کے لیے ان کے مطب میں حاضر ہوا ۔ اس موضوع پر تفصیل سے گفتگو ہوئی ۔ اس کی تحریری رپورٹ چیف لائبریرین کو ۲۳ جولائی ۱۹۸۹ء کو پیش کی گئی ۔ نتیجتہً حکیم صاحب کو ۲۱ اگست ۱۹۸۹ء کو مکتوب نمبر ڈی / ۶۹۸ / ایل ارسال کیا گیا ، جس میں ان کی شرائط کو تسلیم کر لیا گیا ۔ اس کے مطابق شرائط درج ذیل ہیں :

1 ۔ " اس ذخیرے کو آپ کے نام سے منسوب کر کے الگ رکھا جائے گا ۔

2 ۔ آپ ضرورت کے وقت اس کو استعمال کر سکیں گے ۔ آپ کو لائبریری کی رکنیت دی جائے گی اور حسب ضابطہ کتابیں بھی جاری کی جائیں گی ۔

3 ۔ ذخیرہ تحقیقی کی طرح اس ذخیرے کے نام کی ایک سلپ چھپوا کر کتابوں

پر چسپاں کی جائے گی۔

4 ۔ آپ کی خواہش ہے کہ آپ کسی کو نامزد کریں گے تاکہ وہ صاحب آپ کے بعد ذخیرے کو دیکھ سکیں ۔ ہمیں اس سے بھی اتفاق ہے" (۸)

اس کے جواب میں حکیم صاحب نے ایک چٹھی مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۸۹ء کو ارسال کی جس میں تین شرائط کو وضاحت کے ساتھ تحریر کیا ۔ ان میں سے تیسری شرط محولہ بالا چوتھی شرط کی وضاحت ہے ۔ اس کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے ۔

" میرے بعد جناب صاحبزادہ میاں زبیر احمد صاحب ولد میاں بدر الدین صاحب بازار داتا صاحب لاہور اور قاضی صلاح الدین قادری ولد جناب قاضی معراج الدین مرحوم شاہ کمال کالونی اچھرہ لاہور میرے ذخیرہ کو دیکھنے کے مجاز ہوں گے" (۹)

چیف لائبریرین کی طرف سے حکیم صاحب کو مکتوب نمبر ڈی / ۸۰۸ / ایل مورخہ ۲۳ ستمبر ۱۹۸۹ء بھیجا گیا جس میں ان شرائط کو قبول کرنے کے بارے میں تحریر کیا گیا اور فہرست سازی کا کام شروع کرنے کے متعلق بھی لکھا گیا ۔ الفاظ یہ تھے:

" سید جمیل احمد رضوی ڈپٹی چیف لائبریرین آپ کے پاس آئیں گے تاکہ اس ذخیرے کی فہرست سازی کے بارے میں مشورہ کیا جائے اور باہمی مشورے کی روشنی میں یہ کام شروع کیا جا سکے" (۱۰)

حکیم صاحب سے مشورے کے بعد فہرست سازی کا کام ۱۰ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو شروع کیا گیا جو ۲۴ دسمبر ۱۹۸۹ء تک جاری رہا۔

اس ذخیرے میں عربی ، فارسی ، اردو ، پنجابی اور انگریزی کی کتب شامل ہیں ۔ چند کتابیں سندھی پشتو اور ترکی زبان میں بھی ہیں ۔ زیر نظر ذخیرہ تصوف ، سوانح (انفرادی و اجتماعی) تاریخ ، پاکستان اور تحریک پاکستان ، ادبیات اور طب کے

موضوعات پر مشتمل ہے۔ اسلامی علوم ـــــ قرآنیات، حدیث، فقہ، سیرت (بشمول میلاد پاک) اور نعت پر بھی کتب موجود ہیں۔ اس میں بطور خاص تصوف پر نہایت وقیع اور قابل قدر کتب محفوظ ہیں۔ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کے تذکرے کا پہلو بہت ممتاز ہے۔ پرانے رسائل و جرائد بھی اس کا حصہ ہیں۔ کتابوں کے کئی نسخے ایسے ہیں جو کمیاب اور نایاب کے زمرے میں آتے ہیں۔ زیر حوالہ ذخیرے میں مختلف موضوعات پر پمفلٹ اور کتابچے نہایت احتیاط سے محفوظ کیے گئے ہیں (۱۱)

اس ذخیرے میں چودہ کے قریب مخطوطات شامل ہیں۔ چند مخطوطات کی عکسی نقول بھی اس کا حصہ ہیں۔ "زبدۃ الطب" کا خطی نسخہ ان قلمی کتب میں شامل ہے اس کی اہمیت کے بارے میں حکیم صاحب نے راقم کے نام ایک مکتوب ۲۳ جنوری ۱۹۹۱ء کو تحریر کیا:

> "اس قسط میں زبدۃ الطب قلمی ارسال ہے۔ یہ بڑا نادر خطی نسخہ ہے۔ آج تک یہ کتاب چھپی نہیں اور نہ ہی اس کا ترجمہ ہوا ہے۔ خطی نسخے بھی بہت کم لائبریریوں میں پائے جاتے ہیں۔ فہرست بناتے وقت اس کی اہمیت کو واضح فرما دیں" (۱۲)

اسی طرح حکیم صاحب نے ۲۲ نومبر ۱۹۹۲ء کو قرآن مجید کا ایک خطی نسخہ اپنے ذخیرے کے لیے بھجوایا۔ اس کے ساتھ ایک مکتوب بھی میرے نام ارسال کیا:

> "ایک قرآن مجید قلمی بدست سید سرفراز علی زیدی صاحب ارسال ہے یہ قیمتی سرمایہ میرے گلشن میں شامل فرما کر اس کی توقیر بڑھا دیں" (۱۳)

میں نے حکیم صاحب کو اس نسخے کی وصولی کی اطلاع ۲۵ نومبر ۱۹۹۲ء کو بذریعہ خط دی۔ اس کا اقتباس ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

> "سرفراز علی زیدی صاحب کے ہاتھ بھیجا ہوا قرآن مجید خطی وصول ہو گیا ہے۔ اس کو آپ کے ذخیرے میں شامل کر دیا جائے گا۔ اس میں

کوئی شک نہیں کہ "کلام اللہ" کے شامل کرنے سے ذخیرے کی توقیر بڑھ جاتی ہے۔ آپ نے اس حقیقت کو کس خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔ ہم اس کرم فرمائی کے لئے بے حد ممنون ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے" (۱۴)

ذخیرے کی لائبریری میں منتقلی سے پہلے اس کی فہرست سازی کا کام راقم السطور نے کیا۔ کتابوں پر سلسلہ نمبر لگانے اور ان کے پیکٹ باندھنے کے لیے محلے کے دو ارکان نے میری مدد کی۔ یہ کام حکیم صاحب کے مطلب (واقع ۵۵ ریلوے روڈ، لاہور) کی بالائی منزل میں قریباً باون روز جاری رہا۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۸۹ء تک ۲۶۸ پیکٹ تیار ہوئے۔ اسی روز ان کو دو ویگنوں کے ذریعے لائبریری میں منتقل کرنے کا انتظام کیا گیا۔ جب کتابیں لے کر ہم مطب سے چلنے لگے، تو اس وقت جناب پروفیسر محمد اقبال مجددی اور پروفیسر محمد صدیق صاحب بھی مطب میں موجود تھے۔ حکیم صاحب اور ان دو دانشوروں نے ہمیں رخصت کیا۔ اس قیمتی عطیہ کے لیے میں نے حکیم صاحب کا بہت شکریہ ادا کیا اس وقت محترم پروفیسر محمد اقبال مجددی نے کہا "پوری قوم حکیم صاحب کی ممنون ہے کہ انہوں نے اپنا کتب خانہ قوم کے حوالے کر دیا"۔ جناب پروفیسر محمد صدیق نے کہا "اس طرح کے کام درویش ہی کر سکتے ہیں" (۱۵)

محترم پروفیسر محمد صدیق نے اپنے ایک مقالے میں اس کی تصویر کشی اس طرح کی ہے:

دسمبر کا مہینہ، اتوار کا دن، صبح کے نو بجے تھے۔ خوب سردی تھی۔ میں محترم حکیم صاحب کے مطب میں داخل ہوا تو سید جمیل احمد رضوی تشریف فرما تھے۔ گفتگو ہو رہی تھی، چائے آئی۔ ہم سب نے مل کر چائے کا لطف اٹھایا۔ دو ویگنیں مطب کے باہر کھڑی تھیں۔ شاہ صاحب کے ساتھیوں نے کتابوں کے بنڈل اٹھا کر مرتب انداز سے ویگنوں میں رکھنے شروع کر دیے، قریباً ایک گھنٹے میں یہ کام مکمل ہو گیا۔

حکیم صاحب ، راقم ، سید جمیل احمد رضوی کو الوداع کہنے کے لئے مطب سے باہر آئے ۔ ان سے مصافحہ کرتے ہوئے اور کتاب خانے کو الوداع کہتے ہوئے میں جذباتی ہو گیا جیسے ہی کتابوں سے بھری ہوئی ویگنیں روانہ ہوئیں تو میری آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے ۔ محترم حکیم صاحب کی آنکھیں بھی نمناک تھیں مگر وہ بہت باحوصلہ مرد درویش ہیں ۔ انہوں نے جلد ہی اپنی جذباتی اور ہیجانی کیفیت پر قابو پا لیا ۔

مگر میں بوجھل دل کے ساتھ مطب سے روانہ ہوا اور سوچتا رہا کہ اس گراں بہا متاع کو انہوں نے ساری زندگی میں تلاش و جستجو کے بعد فراہم کیا ، اتنی آسانی سے پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے حوالے کر دیا ۔ انہوں نے ایک بے نظیر اور قابل تقلید مثال قائم کی ہے ۔ ۔ ۔ کاش ہمارے سکالرز بھی ایسا کریں (۱۶)

فہرست سازی کے آغاز میں ہر اندراج میں درج ذیل معلومات فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا:

ا ۔ (کتاب کے) مصنف / مؤلف کا نام

ب ۔ عنوان کتاب

ج ۔ مقام اشاعت

د ۔ ناشر / مطبع

ہ ۔ سال اشاعت

و ۔ تعداد صفحات یا مجلدات

ز ۔ زبان

ح ۔ وضاحتی / معلوماتی نوٹ اگر ضروری ہو (۱۷)

یہ فہرست اس وقت دو جلدوں اور چند صفحات پر مشتمل ہے ۔ دونوں جلدوں کے عنوان وار اشاریے بھی بنا دیے ہیں ۔ اس فہرست کی دو عکسی نقول مجلد

صورت میں لائبریری میں محفوظ ہیں ۔ اسی طرح دونوں اشاریوں کی عکسی نقول بھی مجلد
صورت میں لائبریری میں رکھی ہوئی ہیں ۔ ان کی مدد سے کسی مطلوبہ کتاب کا سلسلہ نمبر
فوراً معلوم ہو جاتا ہے ۔ سلسلہ نمبر کے لحاظ سے کتب کو الماریوں میں رکھا گیا ہے ۔
اس انتظام سے ذخیرے کی کسی بھی کتاب کو فوری طور پر الماری سے نکالا جا سکتا ہے ۔
اس طرح ذخیرے کی باقاعدہ درجہ بندی اور فہرست سازی سے پہلے ایسا نظام فراہم ہو گیا
ہے جس سے قارئین کو کتاب کی تلاش میں کوئی دقت پیش نہیں آتی ۔

فہرست سازی کے دوران حکیم صاحب سے علمی باتیں بھی ہوتی تھیں ۔
وہ بعض کتابوں کے نسخوں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتے رہتے تھے ۔ بعض
اوقات وہ اپنے قلم سے کتاب کے شروع میں کوئی اہم نوٹ لکھ دیتے تھے ۔ جو کتابیں ۲۴
دسمبر ۱۹۸۹ء کے بعد لائبریری میں وصول ہوتی رہیں ، ان میں سے بعض کتب پر حکیم
صاحب کے قلم سے مفصل یا مجمل نوٹ ملتے ہیں ، جو اس کتاب کے بارے میں مفید
معلومات پر مشتمل ہوتے ہیں ۔ ان کی تفصیل میرے زیر حوالہ مضمون " ذخیرہ حکیم محمد
موسیٰ امرتسری کتابوں کی کہانی ، حکیم صاحب کی زبانی " مشمولہ سہ ماہی خبرنامہ پاکستان
لائبریری ایسوسی ایشن (پنجاب) ، لاہور ، جلد ۲ (۱۹۹۲ء) میں دیکھی جا سکتی ہے ۔ اس میں
سے تحریک پاکستان کے موضوع پر دو کتابوں کے متعلق وضاحتی نوٹ درج کیے جاتے
ہیں ۔ ان کے مطالعہ سے ان کی اہمیت اور افادیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔ پہلے کتاب
کا اندراج ہے اور اس کے ساتھ وضاحتی نوٹ مع شمارہ فہرست درج کیا گیا ہے :

حبیب احمد چودھری ۔ علامہ اقبال ، قائداعظم ، پرویز ، سید ابوالاعلیٰ
مودودی اور تحریک پاکستان ۔ فیصل آباد : رفیق احمد ، ۱۹۸۱ء ۔ ۹۲۸ ص ۔ (اردو)

اس کتاب کے حوالہ سے ایک روز حکیم صاحب نے بتایا کہ ایک بار
چودھری حبیب احمد مرحوم (۱۹۱۹ء ۔ ۱۹۸۰ء) ان کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ میں نے
ایک کتاب لکھی ہے ، لیکن اس کو چھپوانے کی بساط نہیں ۔ حکیم صاحب نے کہا کہ آپ
کام شروع کریں ۔ اس کے ساتھ ہی اشاعت کے سلسلے میں مالی تعاون کے لئے ایک

خاص رقم ان کی خدمت میں پیش کی ۔ حکیم صاحب کے کہنے پر محترم میاں جمیل احمد شرقپوری نے بھی اس کام کے لئے مالی تعاون کیا ۔ اس طرح انہوں نے کتاب کی اشاعت کا کام شروع کروایا ۔ یہ کتاب چوہدری حبیب احمد مرحوم کی وفات کے بعد ان کے بیٹے جناب رفیق احمد نے شائع کروائی ۔ مرحوم وفات سے پہلے اپنی اولاد کو بتا گئے کہ اس سلسلے میں کس کس نے تعاون کیا ہے ۔ چنانچہ ان کی وفات کے بعد مرحوم کے فرزند کتاب لے کر حکیم صاحب کے پاس آئے ۔ آپ نے کہا کہ اس کی قیمت لے لیں ۔ اس پر انہوں نے کہا کہ آپ کی رقم تو پہلے ہی آ چکی ہے ۔ اس کتاب کے دو نسخے محترم میاں جمیل احمد شرقپوری کے لئے بھی دے گئے اور کہا کہ ان کی رقم بھی آ چکی ہے ۔ یہ واقعہ سنانے کے بعد حکیم صاحب نے فرمایا کہ چودھری حبیب احمد بہت کام کے انسان تھے ۔ ان میں لکھنے کی بہت صلاحیت تھی ۔ لیکن افسوس ان کی قدر نہ کی گئی اور ان کی صلاحیتوں سے استفادہ نہ کیا گیا ۔ حکیم صاحب نے بتایا کہ چودھری حبیب احمد مرحوم بہت مہربان تھے ، جب بھی فیصل آباد سے لاہور آتے ، ان کو ضرور مل کر جاتے ۔ (شمارہ ۱۹۹۳)

عبدالقدیر ، محمد ۔ ہندو مسلم اتحاد پر کھلا خط مہاتما گاندھی کے نام ۔ علی گڑھ : مطبع مسلم یونیورسٹی ، ۱۹۲۵ء ۔ ۵۸ ص ۔ (اردو)

" اس میں ذبح و قربانی کے متعلق نہایت تحقیق کے ساتھ عقلی ، نقلی اور اقتصادی پہلوؤں سے بحث کر کے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مسلمان اس شرعی حق سے جو شعائر اللہ میں داخل ہے ، کسی ملکی مصلحت سے یا خیالی نفع کی توقع پر دست بردار نہیں ہو سکتے " (سرورق)

اس کتاب کے شروع میں محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری نے ایک مبسوط نوٹ تحریر کیا ہے جس میں اس کتاب کے اصل مصنف کی نشاندہی کی گئی ہے ۔ اس نوٹ کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے :

" جناب محمد مقتدیٰ خاں شروانی مرحوم (علی گڑھ) نے پیش نظر رسالہ

(ہندو مسلم اتحاد پر کھلا خط گاندھی کے نام) جناب عزیز بلگرامی کے صاحب زادے مقیم کوئٹہ (پاکستان) کی معرفت احقر کو بھجوایا اور خود لکھا کہ اس رسالہ کے حقیقی مصنف جناب عزیز الدین بلگرامی (علی گڑھ) ہیں، لیکن سرکاری ملازمت کے باعث انہوں نے اپنے بھائی محمد عبدالقدیر کے نام سے طبع کرایا تھا (مفہوماً) ۔ شروانی مرحوم اور بلگرامی صاحب دونوں تحریک خلافت اور گاندھی کے سخت مخالف تھے اور ایک ہی شہر کے باشی بھی، لہذا ان کی معلومات بالکل صحیح ہیں"۔

" افسوس تو اس بات کا ہے کہ ایک ذی علم نے اس نادر تحریر کو تحریک خلافت کے راہنما مولوی محمد عبدالقدیر بدایونی کی تصنیف قرار دیا ہے ۔ یہ سہو ان سے اس لئے سرزد ہوا ہے کہ اولاً تو یہ رسالہ (غالباً ۱۹۲۰ء) نظامی پریس بدایوں کے ترجمان اخبار " ذوالقرنین " میں بالا قساط شائع ہوتا رہا ہے ۔ پھر اس ادارے نے کتابی صورت میں بھی چھاپا ۔ دوسری بار علی گڑھ سے طبع ہوا، مگر اس حقیقت کو سامنے نہیں رکھا گیا کہ مولوی عبدالقدیر بدایونی مرحوم خلافتی ہونے کے باعث ہندو مسلم اتحاد کے زبردست حامی تھے"۔

اس نوٹ کا آخری حصہ بہت اہمیت کا حامل ہے ۔ " بہرحال تحریک پاکستان پر کام کرنے والے حضرات کو اس تاریخی دستاویز کو سامنا رکھنا چاہیے ۔ نیز اس طرف توجہ کرنا چاہیے کہ فاضل مؤلف نے تقسیم کا جو نقشہ ۱۹۲۰ء میں پیش کیا تھا، ۱۹۴۷ء میں قریباً وہی نقشہ پاکستان کی صورت میں منصہ شہود پر جلوہ گر ہوا"۔

" اس حساس اور دور اندیش مؤلف کی دوسری تالیف " ابلیس کا خطبہ صدارت " کے نام سے موسوم ہے جس میں گاندھی ازم پر تنقید کی گئی ہے " (شمارہ ۳۶،۳۷)

تحقیق کرنے والے اس ذخیرے کے وسائل کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں ۔ چونکہ یونیورسٹی کسی ملک میں تعلیم و تحقیق کا سب سے اعلیٰ ادارہ ہوتی ہے اس لیے وہاں پر تحقیق کے مواقع زیادہ ہوتے ہیں ۔ لائبریری میں عملی مشاہدے کی بنا پر

کہا جا سکتا ہے کہ طلبہ ، اساتذہ اور محققین اس ذخیرے سے بھرپور استفادہ کرتے ہیں ۔ راقم نے حکیم صاحب کو ایک مکتوب ۲۰ اگست ۱۹۹۲ء کو ارسال کیا تھا ۔ اس کا ایک اقتباس نیچے درج کیا جاتا ہے ۔ یہ ذخیرے کے وسائل کے استعمال پر روشنی ڈالتا ہے ۔

" یہ امر آپ کے لیے باعث اطمینان ہو گا کہ ایم ۔ اے ، ایم ۔ فل اور پی ایچ ۔ ڈی کے امیدوار طلبہ و طالبات اس سے بھرپور استفادہ کرتے ہیں ۔ فہرست کی موجودگی سے ذخیرے کے وسائل کا استعمال آسانی سے ہو جاتا ہے ۔ علوم شرقیہ کی مختلف شاخوں میں تحقیق کرنے کے لیے اس کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے ۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ جو معلومات لائبریری کے دوسرے وسائل سے فراہم نہیں ہوتیں ، وہ آپ کے ذخیرے میں موجود وسائل سے مل جاتی ہیں ۔ آپ نے جس وقت نظر اور گہرے علمی شعور کے ساتھ ان کتابوں کو جمع کیا ہے ، یہ اس کے ثمرات ہیں جو سامنے آ رہے ہیں ۔ آپ کی توجہ سے اس ذخیرے کی مسلسل نشو و نما ہوتی رہتی ہے جو اس کی افادیت میں اضافہ کرتی رہتی ہے "

" اگر تعلیم کسی قوم کی تعمیر میں بنیادی کردار کرتی ہے ، تو کتابیں اس عمل کو پورا کرنے اور آگے بڑھانے کے لیے آلات (Tools) کا کام دیتی ہیں ۔ ظاہر ہے کہ " ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری " ان قیمتی اور گرانقدر آلات سے مالا مال ہے جن کو استعمال کرنے والے خود کو زیور تعلیم و تحقیق سے آراستہ کرتے ہیں " (۱۹)

اس فہرست کی جلد اول میں ۵،۵۱۷ کے قریب کتابیں شامل ہیں (بشمول جلدیں و نسخے) ۔ ۱۹۹۰ء میں محترم ڈاکٹر وحید قریشی ، معتمد عمومی ، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ، لاہور نے اس کو شائع کرنے کا وعدہ کر لیا تھا ، لیکن مالی وسائل کی کمی اس کی اشاعت میں مانع رہی ۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر صاحب سے بات چیت ہوتی رہتی تھی ۔ آخر انہوں نے جون ۱۹۹۴ء میں ایک حد تک مالی وسائل پیدا کرنے کا مشورہ دیا ۔ صاحبزادہ میاں زبیر احمد علوی گنج بخشی قادری ضیائی فہرست کی اشاعت میں بہت دلچسپی لیتے تھے ۔ جب ان سے اس بارے میں بات چیت ہوئی ، تو انہوں نے ذمہ داری قبول کر لی کہ

اگر اکیڈمی اس فہرست کو جلد شائع کر دے، تو وہ ایک معین مالیت کے مطبوعہ کتاب کے نسخے خرید لیں گے ۔ اس سلسلے میں انہوں نے یادداشت کے طور پر ۲ جولائی ۱۹۹۴ء کو ڈاکٹر صاحب کو ایک خط بھی لکھ دیا ۔ اسی دوران اکیڈمی کے امور کی نگرانی کے فرائض پروفیسر محمد اسلم صاحب کو تفویض کر دیے گئے ۔ چنانچہ پروفیسر صاحب سے اس کی جلد اشاعت کے بارے میں بات ہوئی ۔ انہوں نے از راہ کرم اس کی کمپوزنگ شروع کروا دی ۔ ان کی ذاتی توجہ سے اس فہرست کی اشاعت ممکن ہوئی ۔

ہم ڈاکٹر وحید قریشی صاحب اور پروفیسر محمد اسلم صاحب دونوں کے ممنون ہیں کہ اول الذکر نے زیر حوالہ فہرست کو شائع کرنے کا وعدہ کیا اور مؤخر الذکر نے اس کو عملی جامہ پہنایا ۔ محترم صاحبزادہ میاں زبیر احمد علوی گنج بخشی قادری ضیائی کے بھی سپاس گزار ہیں کہ انہوں نے اس کی اشاعت کے لیے ایک حد تک مالی وسائل پیدا کرنے کے لیے اکیڈمی کے ساتھ دست تعاون بڑھایا ۔ خداوند عالم ان کو جزائے خیر عطا کرے ۔ لائبریری کے مستعد کارکن مسعود الحسن بٹ صاحب کا بھی شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ وہ حکیم صاحب کے مطب سے کتابوں کے پیکٹ اٹھا کر لاتے ہیں اور لائبریری پہنچا دیتے ہیں ۔ اسی طرح سید سرفراز علی زیدی صاحب اور محترم محمد ریاض ہمایوں سعیدی قابل ستائش ہیں کہ حکیم صاحب گاہے گاہے ان کی وساطت سے بھی کتابوں کے پیکٹ لائبریری میں بھجواتے رہے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اجر عطا کرے ۔ اس فہرست کا آخری حصہ "اشاریہ عنوانات" پر مشتمل ہے ۔ اشاریے کی تدوین کے دوران کارڈوں کو ترتیب دینے اور ان کو کاغذوں پر چسپاں کرنے میں عزیز عقیل احمد سلمہ نے میری مدد کی ۔ خداوند عالم عزیز کو اپنی نعمتوں سے نوازے ۔ اکیڈمی کے کارکن محترم محمد اویس قریشی کی کوشش بھی قابل تعریف ہے کہ انہوں نے کمپیوٹر پر کتاب کی کمپوزنگ خود بھی کی اور باہر سے بھی کروائی ۔

حواشی

۱ - ان ذخیروں کی تفصیل کے لیے درج ذیل مقالے سے استفادہ کیا جا سکتا ہے -

سید جمیل احمد رضوی ، "پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں ذاتی ذخائر کتب" ، مشمولہ سہ ماہی خبرنامہ پاکستان لائبریری ایسو سی ایشن (پنجاب) ، لاہور ، جلد ۳ شمارہ ۳ - ۴ (۱۹۹۳ء) ۱۴ - ۲۰

۲ - سید محمد عبداللہ قادری "حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، ایک ادارہ ، ایک تحریک" (لاہور : داتا گنج بخش اکیڈمی ، ۱۹۹۱ء) ، ص - ۱۳ - ۱۴

۳ - سید شریف احمد شرافت نوشاہی ، شریف التواریخ ، جلد سوم ، موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ ، حصہ دو ازدھم ملقب بہ طوالع الاظفار (ساہن پال شریف : ادارہ معارف نوشاہیہ ، ۱۹۸۴ء) ، ص - ۳۰۹ -

۴ - محمد صدیق "حکیم موسیٰ امرتسری - ایک عظیم محقق" مشمولہ فاران ، لاہور (۱۹۹۱ء) ، ۱۴۰ - ۱۴۱

5 - Arthur Frank Buehler, Chrishma and Exemplar: Naqshbandi Spiritual Authoity in the Panjab ، 1857 - 1947 (Massachusetts, Harvard University, 1993) PP 24 - 25

۶ - سید جمیل احمد رضوی "ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، کتابوں کی کہانی حکیم صاحب کی زبانی" مشمولہ سہ ماہی خبرنامہ پاکستان لائبریری ایسو سی ایشن (پنجاب) ، لاہور ، جلد ۳ شمارہ ۱ ، ۲ (۱۹۹۲ء) ، ص - ۳

۷ - فائل بعنوان : خط و کتابت متعلقہ ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، ص - ۱

(یہ فائل پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے)

۸ - ایضاً ، ص - ۲

۹ - ایضاً ، ص - ۴

۱۰ - ایضاً ، ص - ۱۰

۱۱ - سید جمیل احمد رضوی "ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، کتابوں کی کہانی حکیم صاحب کی زبانی" مشمولہ سہ ماہی خبرنامہ پاکستان لائبریری ایسو سی ایشن (پنجاب) ، لاہور ، جلد ۳

شمارہ ۱ ، ۲ (۱۹۹۲ء) ، ص - ۳ - ۴

۱۲ - فائل بعنوان : خط و کتابت متعلقہ ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، ص - ۳۷

۱۳ - ایضاً ، ص - ۲۰۵

۱۴ - ایضاً ، ص - ۲۰۶

۱۵ - سید جمیل احمد رضوی ، محولہ بالا ، ص - ۴

۱۶ - محمد صدیق ، محولہ بالا ، ص - ۱۴۵

۱۷ - سید جمیل احمد رضوی ، محولہ بالا ، ص - ۴

۱۸ - ایضاً ، ص - ۵

۱۹ - فائل بعنوان : خط و کتابت متعلقہ ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری ، ص - ۱۸۲

سید جمیل احمد رضوی

نیو شالیمار ٹاؤن ، لاہور

۱۴ شعبان المعظم ۱۴۱۶ھ / ۶ جنوری ۱۹۹۶ء

مخففات

اس فہرست میں ہر اندراج کے آخر میں قوسین میں زبان کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کو مخفف صورت میں لکھا گیا ہے۔ ان مخففات کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے:

۱۔ ا	اردو
۲۔ ف	فارسی
۳۔ ع	عربی
۴۔ پ	پنجابی
۵۔ E	انگریزی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری

۱۔ نصار، دکتور حسین۔
معجم آیات القرآن، فہرس تفصیلی مرتب علی حروف الہجاء۔ مصر: البابی الحلبی، ۱۹۶۵۔ ۲۷۶ ص۔ (ع)

۲۔ محمد الخلیلی۔
معجم ادباء الاطباء۔ النجف: مطبعۃ الغری، ۱۹۴۶ء۔ ۲ ج (۲۹۴ + ۲۲۲ ص) (ع)۔ [ایک ہی جلد میں]

۳۔ علی بن حسین، الواعظ الہروی۔
رشحات عین الحیاۃ، ترجمہ شیخ محمد مراد بن عبداللہ القزانی۔ ترکیا: المکتبہ الاسلامیہ، ۱۳۰۰ھ۔ ۲۷۰ + ۲ ص۔ (ع)

۴۔ محمد بن علی بن عطیہ الحارثی المکی، ابوطالب۔
قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب و وصف طریق المرید الی مقام التوحید۔
مصر: مصطفیٰ البابی الحلبی، ۱۹۶۱ء۔ ۲ ج (۵۵۴ + ۴۴۰ ص)۔ (ع)

۵۔ یوسف بن اسحٰق بن حمد النیل۔
تبصرۃ الناسک باحکام المناسک علی المذاهب الاربعۃ۔ دبی: راشد بن سعید المکتوم، ۱۹۷۹ء۔ ۱۹۲ ص۔ (ع)

۶۔ یوسف بن جنید التوقادی۔
حدیقۃ المصلین۔ استنبول: مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۶ء۔ ۴۴ + ۲۰ + ۹ + ۲۰ + ۲۴۳ ص۔ (ع)

۷ ـ عبداللہ الامرتسری الہندی ـ

الکتاب المستطاب فی جواب فصل الخطاب ـ لاہور: الادارۃ المحمدیہ، ۱۹۷۶ء
۳۲۰ ص ـ (ع)

۸ ـ عبدالکریم محمد المدرس ـ

نور الاسلام ـ استنبول: المکتبہ الحقیقتہ، ۱۹۸۵ء ـ ۳۰۶ ص ـ (ع)

۹ ـ مالک ابن الشیخ داود ـ

الحقائق الاسلامیۃ: فی الرد علی المزاعم ـ الوھابیۃ بادلتہ الکتاب والسنتہ النبویۃ ـ استنبول: مکتبہ الحقیقتہ، ۱۹۸۵ء ـ ۲۷ + ۳ + ۱۷ ص ـ (ع)

۱۰ ـ داوود بن السید سلیمان البغدادی ـ

المنحۃ الوھبیۃ فی رد الوھابیۃ ویلیھا کتاب اشد الجھاد فی ابطال دعوی الاجتھاد ـ استنبول: مکتبہ الحقیقتہ ۱۹۸۶ء ـ ۳۶ + ۱۹ + ۲۳ + ۷ + ۲۴ + ۱۴ + ۱۲ ص ـ (ع)

۱۱ ـ علی بن عثمان محمد الدوسی ـ

عقائد نظامیہ مع عقیدۃ اہل المعالی فی شرح قصیدۃ بدء الامالی ـ استنبول: مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۵ء ـ ۳۲ + ۲ + ۲۳ + ۷ + ۱۵ + ۹ + ۲۳ + ۵۱ ص (ع ـ ا ـ ف) [دو نسخے]

اس میں اور رسالوں کے علاوہ مناقب آئمہ اربعہ تالیف مولوی سکندر الحنفی النقشبندی بھی شامل ہے ـ

اس جلد میں درج ذیل رسالے شامل ہیں:

(۱) ـ منحتہ الوھبیہ فی رد الوھابیہ از داؤد بن السید سلیمان البغدادی، ص : ۱ ـ ۳۶

(۲) کتاب اشد الجہاد فی ابطال دعوی الاجتہاد از داؤد الموسوی البغدادی

(۳) رسالہ فی الرد علی المرحوم السید محمود افندی الالوسی لداود بن السید

سلیمان البغدادی ۔ ص : ۱ ۔ ۱۹
(۴) کشف النور عن اصحاب القبور ، از عبدالغنی ابن اسماعیل النابلسی ، ص : ۱ ۔ ۲۳
(۵) تنویر الحلک فی امکان رؤیہ النبیؐ ، از جلال الدین السیوطی ص : ۱ ۔ ۲۴
(۶) رسالہ تذکرۃ الاثار الواردۃ فی الاذکار التی تحرس ابن حجر ص : ۱ ۔ ۱۲
(۷) تنبیہ النبی بتبریۂ ابن العربی مسئلہ حق محی الدین بن العربی سئل عنہا الشیخ العلامہ جلال الدین السیوطی : ص ۱ ۔ ۱۴

۱۲ ۔ المراغی ، ابوبکر بن الحسین بن عمر ابی الفخر ۔
تحقیق النصرۃ بتلخیص معالم الھجرۃ ۔ المدینۃ المنورۃ : المکتبۃ العلمیۃ ، ۱۹۵۵ء ۲۷۶ ص ۔ (ع)

۱۳ ۔ احمد رضا خان ، محمد ۔
فتاویٰ الحرمین برجف ندوۃ المین ۔ لاہور : مکتبہ حامدیہ ، ۱۹۷۷ء (یہ کتاب ۱۹۷۷ء میں استنبول میں المکتبہ الیشیق کی جانب سے شائع ہوئی)

۱۴ ۔ احمد بن زینی دحلان ، السید ۔
الدولۃ العثمانیۃ من الکتاب الفتوحات الاسلامیۃ بعد مضی الفتوحات النبویۃ ، ویلیہ المسلمون المعاصرون لمحمد سید کیلانی ۔ استنبول : المکتبہ الیشیق ، ۱۹۸۰ء ۔ ۳۰۹ + ۸ + ۵۴ ص ۔ (ع)

۱۵ ۔ سعید الرحمن التیراھی ۔
الحبل المتین فی اتباع السلف الصلحین ، ویلیہ الجزء الاول من کتاب ھدایۃ الموفقین الی الصراط المستقیم ۔ استنبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۵ء ۔ ۲۱ + ۱۸ + ۸۶ + ۴ ص ۔ (ع)
اس میں العقود الدریۃ فی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ تالیف محمد امین

الشہیر بابن عابدین بھی شامل ہے۔

۱۶۔ ابوبکر بن ہدایۃ اللہ الحسینی۔
طبقات الشافعیہ۔ بیروت: دارالآفاق الجدیدۃ، ۱۹۷۱ء۔ ۲۸۷ ص۔ (ع)

۱۷۔ سعید النورسی۔
المثنوی العربی النوریۃ من رسالہ النور۔ دمشق: مطابع الف باء، ۱۹۶۹ء
۳۶۳ + ۱۲ ص۔ (ع)

۱۸۔ شیخ زادہ۔
حاشیہ شیخ زادہ علی تفسیر القاضی البیضاوی۔ استنبول: المکتبہ الاسلامیۃ،
۱۹۷۷ء۔ ۶۰۰ + ۴ ص۔ (ع)

۱۹۔ احمد الفاروقی السرھندی، شیخ۔
المکتوبات الامام العالم الربانی المجدد الف الثانی۔ استنبول (س ۔ ن)۔ ۲
ج۔ (ع)

۲۰۔ القشیری، ابوالقاسم عبدالکریم ابن ہوازن۔
الرسالۃ القشیریۃ۔ مصر: مصطفیٰ البابی الحلبی، ۱۹۵۹ء۔ ۲۰۸ ص۔ (ع)

۲۱۔ الشعرانی، الامام۔
مختصر تذکرہ الامام السویدی فی الطب۔ مصر: مصطفیٰ البابی الحلبی، ۱۳۰۶
ھ۔ ۳۲۰ ص۔ (ع)

۲۲۔ المنجد، صلاح الدین۔
المختار من المخطوطات العربیۃ فی الاستانۃ۔ بیروت: دارالکتاب الجدید،
۱۹۶۸ء۔ ۷۲ ص۔ (ع)

۲۳۔ وایدمان، تشارس۔
العلاقات بین العمال والادارۃ، ترجمہ عمر القباقی۔ القاہرۃ
دارالکرنک، ۱۹۵۹۔ ۲۹۸ ص۔ (ع)

۲۱ ـ احمد اللہ الداجوی ـ
البصائر لمنکری التوسل باحل المقابر ـ استانبول: المکتبہ الشیق، ۱۹۸۶ء ـ
۲۶۴ ص ـ (ع)
۲ ـ الجزیری، عبد الرحمن ـ
الفقہ علی المذاھب الاربعۃ ـ استانبول: المکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۶ء ج۱-۱ (ع)
۲ ـ ابراھیم بن عبد الرحمن بن ابی بکیر الازرق ـ
تسھیل المنافع فی الطب و الحکمۃ المشتمل علی شفاء الاجسام و کتاب
الرحمۃ وبہامشہ: الطب النبوی ... لذھبی ـ استانبول: المکتبہ الشیق،
۱۹۷۶ء ـ ۲۰۸ ص ـ (ع)
۲۷ ـ ایضاً ـ
تسھیل المنافع فی الطب و الحکمۃ ـ ـ ـ استانبول: مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۴ء ـ
۲۰۸ + ۲۵ ـ (ع)
ویلیہ: شرح العلامۃ الزرقانی علی المواھب الدنیہ ـ (ع)
۲۸ ـ محمد یوسف البنوری ـ
الاستاذ المودودی وشیء من حیاتہ و افکارہ ـ ـ ـ استانبول: مکتبہ الحقیقۃ
۱۹۸۵ء ـ ۴۹ + ۳ + ۲۲ + ۹ + ۹ + ۱۸ + ۱۹ ص ـ (ع)
۲ ـ عبدالعزیز بن احمد بن حامد الفرھاروی ـ
الناھیۃ عن طعن امیر المومنین معاویۃؓ ـ استانبول: مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۴ء۔
صفحات مختلف ـ (ع)
۳۰ ـ احمد الفاروقی السرھندی، شیخ ـ
المنتخبات من المکتوبات الامام الربانی المجدد الف الثانی ـ استانبول: مکتبہ
الشیق (س ـ ن) ـ ۲۲۶ ص ـ (ع)
۳۱ ـ محمد بخیت المطیعی ـ

تطہیر الفؤاد من دنس الاعتقاد ۔ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۵ء ۔ ۲۱۳ ۔ ۲۴ ص ۔ (ع)

ویلیہ شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام ۔ ۔ ۔ لسبکی

۳۲ ۔ ولی اللہ الدھلوی، شاہ؛ حبیب الحق حنفی ۔

مجموعہ ثلاث رسائل ۔ استانبول ۔ مکتبۃ الحقیقۃ ، ۱۳۲۷ھ ۔ ۵۳ + ۲۲ + ص ۔ (ع) [دو نسخے]

اس میں درجہ ذیل تین رسالے شامل ہیں :

۱ ۔ الانصاف فی بیان سبب اختلاف از شاہ ولی اللہ الدھلوی ص : ۱ ۔ ۲۹

۲ ۔ عقد الجید فی احکام الاجتہاد و التقلید از شاہ ولی اللہ الدھلوی ، ص : ۳۰ ۔ ۵۳

۳ ۔ مقیاس القیاس فی اثبات القیاس از محمد حبیب الحق قاضی ، ص : ۱ ۔ ۲۲

۳۳ ۔ علماء المسلمین وجھلۃ الوھابیین ۔

استانبول : مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۶ء ۔ ۱۹۱ + ۱۰ + ۱۶ ص ۔ (ع)

۳۴ ۔ منیر مسعودی ۔

رسالہ ایران الثورۃ فی عید میلاد المسیح ۔ تہران : وزارۃ الارشاد الاسلامی ، ۱۴۰۲ھ ۔ ۔ ۵۴ ص ۔ (ع)

۳۵ ۔ عبدالعزیز بن عبدالرحمن الفیصل آل سعود ۔

الورد المصفی المختار من کلام اللہ تعالی و کلام سید الابرار ۔ جدۃ دارالاصفہانی و شرکاہ ۱۳۹۰ھ ۔ ۱۰۲ ص ۔ (ع)

۳۶ ۔ محمد ہاشم کشمی ۔

برکات احمدیہ ، زبدۃ المقامات ۔ استانبول : المکتبہ الشیق ، ۱۹۷۷ء، ۴۲۴ ص ؛ (ف)

۳۷ ـ محمد علی ـ

مخزن احمدی ، آگرہ : مطبع مفید عام ، ۱۲۹۹ ھ ـ ۱۱۸ ص ـ (ف)

۳۸ ـ منزوی احمد ـ

فہرست نسخہ ھای خطی کتابخانہ گنج بخش ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۸ء ـ ۱۹۸۲ء ـ ۴ ج ـ (ف)

۳۹ ـ ایضاً ـ

فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۸۳ء ـ ۱۹۸۵ء ، ۴ ج ـ (ف)

۴۰ ـ تسبیحی ، محمد حسین ـ

فہرست نسخہ ھای خطی کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۱ء ـ ۱۹۷۶ء ۳ ج (اول تا سوم) ـ (ف)

۴۱ ـ ایضاً ـ

کتابخانہ ھای پاکستان ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۷ء ج ـ اول (۵۱۳ + ۴۲ ص) ـ (ف)

۴۲ ـ ایضاً ـ

فہرست نسخہ ھای خطی خواجہ سناء اللہ خراباتی ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۲ء ـ ۲۲۲ + ۴۲ + ۱۰ ص ـ (ف)

۴۳ ـ آفتاب رای لکھنوی ـ

تذکرہ ریاض العارفین ، بہ تصحیح و مقدمہ سید حسام الدین راشدی ـ اسلام آباد : ادارہ تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۶ء ۲ ج ـ (ف)

۴۴ ـ تسبیحی ، محمد حسین ـ

فارسی پاکستان و مطالب پاکستان شناسی ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات

فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۴ - ۱۹۷۷ء - ۲ ج - (ف)

۴۵ - کوثر ، انعام الحق -
شعر فارسی در بلوچستان - اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران
پاکستان ، ۱۹۷۵ء - ۲۰۸ + ۳۰ ص - (ف)

۴۶ - مهدی غروی ، سید -
نخستین کارنامه مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۳۵۷ ھ ق - ۳
ص - (ف)

۴۷ - سبط حسن رضوی ، سید -
فارسی گویان پاکستان ، شامل شاعران پارسی گوی معاصر و منتخب احوال و
آثار آنان ، از گرامی تا عرفانی - اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و
پاکستان ، ۱۹۷۴ء - جلد اول - (ف)

۴۸ - پارسا ، خواجه محمد -
رساله قدسیه ، بامقدمه و تحشیه و تصحیح و تعلیقات ملک محمد اقبال -
اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۵ء - ۳۲۵ + ۲۱
ص - (ف)

۴۹ - نیر واسطی ، حکیم سید -
تاریخ روابط پزشکی ایران و پاکستان - اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی
ایران و پاکستان ، ۱۹۷۴ء - ۱۹۹ + ۷ ص - (ف)

۵۰ - غلام سرور -
مقدمه جواهر الاولیاء - اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان
۱۹۷۶ء ۱۸۵ + ۳۱ ص - (ف)

۵۱ - باقر بن سید عثمان بخاری ، سید -
جواهر الاولیاء ، به تصحیح و تحشیه و مقدمه غلام سرور - اسلام آباد : مرکز

تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۷۶ء ـ ۶۹۳ + ۵۱ ص ـ (ف)

۵۲ ـ شاه محمد شاه آبادی، ملا ـ

راج ترنگینی (تاریخ کشمیر)، مقدمه و تصحیح صابر آفاقی ـ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۷۳ء ۵۲۰ ص ـ (ف)

۵۳ ـ قاطعی هروی، ملا ـ

تذکره مجمع الشعرای جهانگیر شاهی، با تصحیح و تعلیق و مقدمه محمد سلیم اختر کراچی: مؤسسه تحقیقات علوم آسیای میانه و غربی، ۱۹۷۹ء ـ ۴۰۲ + ۱۷ ص ـ (ف)

۵۴ ـ جمالی دهلوی ـ

مثنوی مهر و ماه، مقدمه و تصحیح حسام الدین راشدی ـ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ۱۹۷۴ء ـ ۲۰۳ + ۲۳ ص ـ (ف)

۵۵ ـ نور محمد خان، مهر ـ

بررسی لغات اروپائی در زبان فارسی ـ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۴۰۴ هـ ـ ۲۱۶ ص ـ (ف)

۵۶ ـ آموزگار، حبیب الله ـ

گلهای بوستان سعدی ـ تهران: وزارت فرهنگ و هنر، ۱۳۴۶ شمسی ـ ۲۴۵ ص ـ (ف)

۵۷ ـ عزیز الدین وکیلی فوفلزائی ـ

هنر خط در افغانستان دردو قرن اخیر، شامل قطعات خط استادان قدیم و بعض نمونه های خط معاصرین ـ کابل: انجمن تاریخ افغانستان، ۱۳۴۲ هـ ۲۳۲ ص ـ (ف)

۵۸ ـ صدیق شبلی، محمد ریاض ـ

کشف الابیات اقبال ـ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و

پاکستان ، ۱۹۷۷ء ـ ۱۷۵ + ۱۰ ص ـ (ف)

۵۹ ـ عبدالله انصاری خواجه ـ

طبقات الصوفیه امالی ، بتصحیح و تعلیق و تحشیه عبدالحی حبیبی. کابل : انجمن تاریخ ، وزارت معارف افغانستان ، ۱۳۴۱ ش ۳۸۷ ص ـ (ف)

۶۰ ـ سعد الدین هروی ـ

صیدیه ، به تصحیح محمد سرفراز ظفر ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۸۴ء ـ ۲۳۶ ص ـ (ف)

۶۱ ـ سعید نفیسی ـ

زندگی و کار و اندیشه و روزگار پور سینا ـ تهران : کتابخانه دانش ، ۱۳۳۳ ش ـ ۲۷۰ ص ـ (ف)

۶۲ ـ مبلغ ، محمد اسماعیل ـ

جامی و ابن عربی ـ کابل : نشرات انجمن جامی ، ۱۳۴۳ ش ـ ۱۲۸ + ۲ ص ـ (ف)

۶۳ ـ شهیندخت کامران ، مقدم (صفیاری) ، دکتر ـ

تاریخ پیشرفت اسلام ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات اسلام ، ۹۸۵ ، ۱۵۶ ص ـ (ف)

۶۴ ـ تسبیحی ، محمد حسین ـ

از خو انسار تا خراسان ـ راولپنڈی : مصنف ، ۱۳۵۳ هجری شمسی ـ ۴۳۵ ۲ ص ـ (ف)

۶۵ ـ خضر عباسی نوشاهی ، سید ـ

فهرست نسخه های خطی فارسی کتابخانه دانشگاه پنجاب لاهور ، گنجینه آذر ـ اسلام آباد ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۸۶ء ـ ۵۹۲ ص ـ (ف)

۶۶ ۔ سلیمان بن عبدالوھاب النجدی ۔
الصواعق الالھیۃ فی الرد علی الوھابیۃ ۔ استانبول : المکتبہ الشیق ، ۱۹۷۷ء
۶۴ + ۸ ص ۔ (ع)

۶۷ ۔ رؤف احمد ، شاہ ۔
درالمعارف ۔ استانبول : المکتبہ الیشیق ، ۱۹۷۴ء ۔ ۱۴۰ ص ۔ (ف)

۶۸ ۔ محمد بن بھاء الدین ، محی الدین ۔
القول الفصل شرح فقہ اکبر للامام اعظم ابوحنیفہ ۔ استانبول : المکتبہ الشیق ، ۱۹۷۹ء ۔ ۴۱۳ ص ۔ (ع)

۶۹ ۔ ملا خسرو ، القاضی محمد بن فراموز ۔
دررالاحکام فی شرح غرر الاحکام ۔ استانبول : المکتبہ الشیق ، ۱۹۷۰ء ج ۔ ۲
(ع)

۷۰ ۔ عبدالکریم محمد المدرس ۔
نور الاسلام ۔ استانبول : المکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۵ء ۔ ۳۰۶ ص ۔ (ع)

۷۱ ۔ جامی ، نور الدین عبدالرحمن ۔
لوائح ، تصوف و عرفان ۔ لاہور : اسلامک بک فاؤنڈیشن ، ۱۹۷۸ء ۔ ۵۵ + ۶۱ ص ۔ (ف ۔ انگریزی)

۷۲ ۔ عبداللہ رازی (ہمدانی) ۔
تاریخ ایران ۔ طہران : کتابفروشی و چاپخانہ اقبال ، ۱۳۱۷ ش ۔ ۹۳۶ + ۳ ص ۔ (ف)

۷۳ ۔ محمد بن المنور بن ابی سعید بن ابی طاہر بن ابی سعید بن ابی الخیر ۔
اسرار التوحید فی مقامات الشیخ ابی سعید ۔ بہ انضمام رسالہ حورائیہ تالیف عبید اللہ بن محمود شاشی معروف بہ خواجہ ناصر الدین احرار ۔ بہ تصحیح احمد بہمنیار ۔ تہران : کتابخانہ طہوری ، ۱۳۳۳ ش ۔ ۳۴۳ ص ۔ (ف)

۷۴ ۔ شاہ داعی الی اللہ شیرازی ۔
شرح مثنوی معنوی ۔ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ،
۱۹۸۵ء ۔ ج ۔ ۱۴(ف)
۷۵ ۔ حسن دہلوی ، خواجہ (امیر حسن علاء سجزی) ۔
فوائد الفواد ۔ لاہور : سراج الدین اینڈ سنز ، ۱۹۶۶ء ۔ ۳۶۳ + ۱ ص ۔
(ف)
(ملفوظات حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء بدایونیؒ)
۷۶ ۔ سرور ہمایوں ، پوہنوال ۔
مقامات تاریخی و مزارات غزنہ تکملہ بر ریاض الالواح ۔ کابل : مؤسسہ
انتشارات بیہقی ، ۱۹۷۷ء ۔ ۵۲۰ + ۴۱ تصاویر + ۴ ص ۔ (ف)
۷۷ ۔ جامی ، عبدالرحمن ۔
لوایح ۔ تہران : کتاب فروشی فروغی ، ۱۳۴۲ش ۔ ۱۷۵ + ۷ ص ۔ (ف)
۷۸ ۔ طہماس بیگ خان رومی ، محکم الدولہ اعتقاد جنگ ۔
طہماس نامہ ، مرتبہ محمد اسلم ۔ لاہور : پنجاب یونیورسٹی ، ۱۹۸۶ء ۔ ۳۷۴
+ ۱۱ ص ۔ (ف)
۷۹ ۔ عبدالقادر الحسنی الحسینی ۔
بشائرالخیرات ۔ تعارف کنندہ امیر بہادر علی اقبال ۔ حیدر آباد دکن : شیخ
مخدوم (؟) ، ۱۹۸۸ء ۴۰ ص ۔ (ع ۔ا)
۸۰ ۔ محمد فاضل الدین القادری بٹالوی ۔
بیان الاسرار ۔ ۔ ۔ فی شرح قصیدہ الغوثیہ از السید محی الدین عبدالقادر
الجیلیؒ ۔ لاہور : دربار قادریہ فاضلیہ ، ۱۹۷۰ء ۔ ۲ ج ۔ (ع ۔ا) [دوسری جلد
اردو ترجمے پر مشتمل ہے)
۸۱ ۔ احمد سرہندی فاروقی (مجدد الف ثانیؒ) ۔

المجموعہ السنیہ (مشتمل بر سہ کتب) ۔ دہلی : ابوالخیر اکاڈمی ، ۱۹۸۳ء ۔ ۹۶ ص ۔ (ف)

اس میں درجہ ذیل تین تحریریں شامل ہیں :

۱ ۔ رسالہ رد روافض از شیخ احمد سرہندی فاروقی ۔ (ف)

۲ ۔ رسالہ المقدمہ السنیہ از شاہ ولی اللہ دھلوی ۔ (ع)

۳ ۔ مکتوب شاہ ولی اللہ بہ خواجہ محمد امین ۔ (ف)

۸۲ ۔ احمد بن ابی الحسن احمد النامقی الجامی ، ابو نصر ۔

مفتاح النجاۃ ۔ استانبول : المکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۴ء ۔ ۱۲۷ ص ۔ (ف)

(ویلیہ مکتوب نو د و پنجم از مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانیؒ)

۸۳ ۔ محمد حسن ۔

العقائد الصحیحۃ فی تردید الوھابیۃ النجدیۃ ، مع ترجمہ اردو ۔ استانبول : المکتبۃ الشیق ، ۱۹۷۸ء ۔ ۸۰ ص ۔ (ع ۔ ا)

۸۴ ۔ عبدالغفور لاری ، مولانا ۔

تاریخچہ مزار شریف ۔ کابل : انجمن تاریخ و ادب افغانستان اکادیمی ۱۹۷۰ء ۔ ۳۸ + ۷ ص ۔ (ف)

۸۵ ۔ عارف نوشاہی (مرتب) ۔

۱ ۔ جہاد نامہ (مولف مجہول قرن ہفتم ہجری)

۲ ۔ ظلم نامہ اکبر (ترجمہ جہاد الاکبر) منسوب بہ غزالی ۔ اسلام آباد ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۳۵۰ ش / ۱۹۸۴ء ۔ ۲۴۲ ص ۔ (ف)
[دو نسخے]

۸۶ ۔ اسناد و مدارک کنفرانس فارسی مردمی و اسلامی بغداد ۱۴ ۔ ۱۷ اوریل ۱۹۸۳ء بغداد : دارالحریۃ للطباعۃ ، ۱۹۸۳ء ۔ ۸۸۰ ص ۔ (ف)

۸۷ - اقدس رضوانی، محمد حسین تسبیحی -
نامہ نو روزی - اسلام آباد ۲۵۳۶ء شاہنشاہی - ۳۲ ص - (ف)

۸۸ - عارف نوشاہی -
بہ یاد سید شریف احمد شرافت نوشاہی - اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۸۴ء - ۳۹ ص - (ف)

۸۹ - خیام، عمر -
رباعیات، مقدمہ و شرح حال از محمد علی فروغی - تہران: سازمان انتشارات جاویدان، ۱۳۵۱ش - ۴۶ ص - (ف)

۹۰ - محمد بن شیخ محمد رہاوی -
ریاض الناصحین - استانبول: مکتبۃ الحقیقۃ، ۱۹۸۹ء - ۳۹۴ + ۳ ص - (ف)

۹۱ - عبدالعزیز محدث دھلوی، شاہ -
تحفہ اثنا عشریہ - استانبول: مکتبۃ الحقیقۃ، ۱۹۸۸ء - ۸۰۸ ص - (ف)

۹۲ - غلام علی عبداللہ المجددی، شاہ -
مقامات مظہریہ - استانبول: مکتبۃ الحقیقۃ، ۱۹۸۹ء ۱۹۲ ص - (ف)

۹۳ - عبدالحق المحدث الدھلوی -
اخبار الاخیار، مع مکتوبات - خیر پور: فاروق اکیڈمی (س - ن) - ۳۹۲ ص - (ف)

۹۴ - محمد اشرف -
مکتوب اشرفی - لکھنؤ: مطبع دبدبہ احمدی، ۱۳۰۹ھ - ۸۰ ص - (ف)

۹۵ - عبدالنبی فخرالزمانی قزوینی، ملا -
میخانہ، مرتبہ محمد شفیع - لاہور: عطر چند کپور اینڈ سنز، ۱۹۲۶ء - ۶۴۴ + ۱۱۶ ص - (ف)

۹۶ ۔ محمد حسن جان سرہندی مجددی ۔
اصول الاربعۃ فی تردید الوھابیۃ۔ استانبول : المکتبہ الشیق ، ۱۹۷۵ء ۔ ۳۶ ص ۔(ف)

۹۷ ۔ محمد مقیم بن رحمتہ اللہ ۔
وقائع سیالکوٹ ، مرتبہ محمد عبداللہ چغتائی ۔ لاہور : کتاب خانہ نورس ، ۱۹۷۲ء ۔ ۴۳ ص ۔(ف)

۹۸ ۔ محمد شریف چوھدری ۔
ایران و پاکستان ، دو قسمت دریک قالب ۔ بوریوالہ : مصنف ، ۱۹۷۵ء ۔ ۲۱۹ ص ۔(ف)

۹۹ ۔ علی اکبر شھابی خراسانی ۔
روابط ادبی ایران و ہند ۔ طھران : مؤلف ، ۱۳۱۹ش ۔ ۱۲۰ ص ۔(ف)

۱۰۰ ۔ گینش داس وڈیرہ ۔
چار باغ پنجاب ، مرتبہ کرپال سنگھ ۔ امرتسر : سکھ ہسٹری ریسرچ ڈیپارٹمنٹ خالصہ کالج ، ۱۹۶۵ء ۔ ۴۳۹ + ۳۹ ص ۔(ف)

۱۰۱ ۔ امام علی شاہ مکان شریفی ۔
(۱) ۔ مراۃ المحققین ، مع اردو ترجمہ ۔ شرقپور : دارالمبلغین حضرت میاں صاحب شرقپور شریف (س ۔ ن) ۔ ۱۱۹ ص ۔(ف ۔ ا)

اس جلد میں درج ذیل دوسری کتاب بھی شامل ہے :

(۲) ۔ محمد موسیٰ امرتسری ، حکیم ۔ ذکر مغفور ، یعنی شیخ طریقت حضرت علامہ سید مغفور القادریؒ ۔۔۔ کے مختصر حالات زندگی ۔ لاہور : مکتبہ مہر و ماہ گلستان ادب چوک متی ، ۱۳۹۲ھ ۔ ۲۸ ص ۔(ا)

۱۰۲ ۔ محمد مومن حسینی طبیب ۔
تحفۂ حکیم مومن " یا تحفۃ المومنین " ، با مقدمہ دکتر محمود نجم آبادی ۔

تہران: کتاب فروشی مصطفوی، ۱۳۳۸ش - ۲۴ + ۳۷۶ ص - (ف)

۱۰۳ - اسماعیل جرجانی، سید -

ذخیرہ خوارزمشاہی، مرتبہ سعیدی سیرجانی - تہران: انتشارات بنیاد فرہنگ ایران، ۲۵۳۵ شاہنشاہی - ۶۹ + ۷۴۵ ص - (ف)

۱۰۴ - کنبو، محمد صالح -

عمل صالح الموسوم بہ شاہ جہان نامہ - لاہور: مجلس ترقی ادب (س - ن) - ج ۱، ۲ - (ف)

۱۰۵ - (۱) محمد اکرام الدین، سید -

فیض جاری ملقب بہ حدیثۃ البخاری. امرتسر: روز بازار سٹیم پریس (س ن) - ۸۸ ص - (ا - ف)

(۲) - جامع الدعوات - لاہور: شیخ الہی بخش محمد جلال الدین، ۱۳۳۲ھ ۱۴۴ ص - (ف)

۱۰۶ - محمد رضا، شیخ -

ریاض الواح، مشتمل بر کتیبہ ھای قبور وابنیہ غزنہ - کابل: انجمن تاریخ افغانستان، ۱۳۴۶ھ / ۱۹۶۷ء - ۲۱۹ ص - (ف)

۱۰۷ - جلالی، غلام جیلانی -

غزنہ و غزنویان - کابل: بیہقی کتاب خپرولو موسسہ، ۱۳۵۱ شمسی - ۳۴۴ ص - (ف)

۱۰۸ - علی بن عثمان ہجویری (داتا گنج بخش)

کشف المحجوب - لاہور: میاں خوشی محمد، ۱۹۸۲ء - ۵۸۴ ص - (ف)

۱۰۹ - ایضاً -

کشف المحجوب - سمرقند: ملا سید عبد الحمید مفتی، ۱۳۳۰ھ - ۴۹۲ ص - (ف)

۱۱۰ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب فارسی ـ لاہور: شیخ الٰہی بخش محمد جلال الدین (س ـ ن)
۳۲۸ ص ـ (ف)

۱۱۱ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب ـ تہران: کتاب فروشی ابن سینا، ۱۳۳۶ شمس ـ ۴۰۰ ص ـ
(ف)

۱۱۲ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب ـ ـ ـ با مقدمہ مولوی محمد شفیع ـ لاہور: احمد ربانی،
۱۹۶۸ء ـ ۴۸۱ ص ـ (ف)

۱۱۳ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب، تصحیح و ـ ژوفسکی ـ با مقدمہ قاسم انصاری ـ تہران:
کتابخانہ طہوری، ۱۹۷۹ء ـ ۶۰۷ + ۶۴ ص ـ (ف)

۱۱۴ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب ـ ـ ـ با مقدمہ مولوی محمد شفیع ـ لاہور: احمد ربانی،
۱۹۶۸ء ـ ۴۸۱ ص ـ (ف)

۱۱۵ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب فارسی ـ لاہور: عشرت پبلشنگ ہاؤس (س ـ ن) ـ ۳۲۸ +
۲۸ ص ـ (ف) [آخر میں حالات مصنف اردو میں]

۱۱۶ ـ ایضاً ـ

کشف المحجوب (نسخہ تہران)، بتصحیح و تحشیہ علی قویم ـ اسلام آباد: مرکز
تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۷۸ء ۳۹۲ ص ـ (ف)

۱۱۷ ـ ایضاً ـ

بیان المطلوب ترجمہ اردو کشف المحجوب، مترجمہ مولوی فیروز الدین ـ

لاہور: فیروز سنز، ۱۹۵۹ء، ۶۴۰ ص ۔ (ا)

۱۱۸ ۔ ایضاً ۔

کلام المرغوب ترجمہ کشف المحجوب، ترجمہ از محمد احمد قادری ۔ لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۱۴۰۱ھ ۔ ۶۳۲ ص ۔ (ا)

۱۱۹ ۔ ایضاً ۔

کشف المحجوب، ترجمہ از میاں طفیل محمد ۔ لاہور: اسلامک پبلیکیشنز، ۱۹۶۶ء ۔ ۴۳۵ ص ۔ (ا)

۱۲۰ ۔ ایضاً ۔

اردو ترجمہ کشف المحجوب، ترجمہ از ایف ۔ ڈی ۔ گوہر ۔ لاہور: احمد ربانی ۱۹۷۲ء ۔ ۴۰۲ ص ۔ (ا)

۱۲۱ ۔ نصیب، محمد ۔

کشف و کرامات حضرت داتا گنج بخشؒ ۔ لاہور: مصنف، ۱۹۸۳ء ۔ ۲۰۸ ص ۔ (ا)

۱۲۲ ۔ ابو یعقوب سجستانی ۔

کشف المحجوب، رسالہ در آئین اسماعیلی از قرن چہارم ہجری ۔ تہران: قسمت ایران شناسی انستیتو ایران و فرانسہ، ۱۹۴۹ شمسی ۔ ۱۱۵ + ۲۵ ص ۔ (ف)

۱۲۳ ۔ وکیلی، عزیز الدین ۔

غزنہ در دو قرن اخیر ۔ کابل: مؤسسہ انتشارات بیہقی، ۱۳۵۶ شمسی (؟) ۔ ۲۳۳ + ۲۶ ص ۔ (ف)

۱۲۴ ۔ سعدی، مصلح الدین ۔

گلستان، ہمراہ با ترجمہ انگلیسی از میجر آر۔ پی، اندرسون ۔ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۸۵ء ۔ ۵۹۴ + ۸ ص ۔ (ف ۔

۱۲۵ ـ اللہ داد فیضی سرہندی ـ
مدار الافاضل ، مرتبہ دکتر محمد باقر ـ لاہور : پنجاب یونیورسٹی ، ۱۹۵۹ء ـ
ج ـ ۱ ـ (ف)
۱۲۶ ـ (۱) موسیٰ غلام مصطفیٰ ـ
نغمہ بہار المعروف مشہور غزلیات ـ لاہور : مطبع اسلامیہ سٹیم پریس (س
ن) ـ ۱۱ ص ـ (ا)
(۲) ـ محمد عبیداللہ ، مولوی ، تحفۂ زنان ـ ملتان : کتب خانہ صدیقیہ (س
ن) ـ ۴۶ ص ـ (پ)
۱۲۷ ـ عارف نوشاہی ، سید ـ
فہرست چاپ ہای آثار سعیدی درشبہ قارہ و چاپ ہای شروح و ترجمہ ہا
و فرہنگنامہ ہا و تضمین ہای آثاروی ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی
ایران و پاکستان ، ۱۹۸۴ء ـ ۱۳۴ + ۸ ص ـ (ف)
۱۲۸ ـ عبداللہ انصاری ، خواجہ ـ
مناجات ومقالات ـ تہران : کتاب فروشی علمیہ اسلامیہ (س ـ ن) ـ ۱۰۱
ص ـ (ف)
۱۲۹ ـ تسبیحی ، محمد حسین و بانو ـ
نو روز مبارک ـ راولپنڈی ، ۱۳۵۵ ش ـ ۴۸ ص ـ (ف)
۱۳۰ ـ خلیل ، محمد ابراہیم ـ
استخراج تاریخ در نظم ـ کابل : انجمن تاریخ، ۱۳۳۷ھ ش ۱۱۷ ص ـ (ف)
۱۳۱ ـ ابراہیم نیک سیر ـ
طب و روانشناسی ـ تہران : مصنف ، ۱۳۳۵ شمسی ـ ۲۱۹ ص ـ (ف)
۱۳۲ ـ شرافت نوشاہی ، سید ـ

منتخب اعجاز التواریخ ، بہ تدوین و کوشش سید رضاء اللہ شاہ عارف نوشاہی ۔ گجرات : مکتبہ نوشاہیہ ، ۱۹۷۶ء ۔ ۸۴ + ۳ ص ۔ (ف ۔ ا)

۱۳۳ ۔ احمد ، آ ، مرتضی ۔

تاریخ و نقش سیاسی رھبران بھائی ۔ تہران : دارالکتب الاسلامیہ ، ۱۳۴۶ شمسی ۔ ۹۶ ص ۔ (ف)

۱۳۴ ۔ اقدس تسبیحی (رضوانی) ۔

مراسم عروسی ایرانی ۔ راولپنڈی ، ۲۵۳۵ شاہنشاہی ۔ ۴۶ ص ۔ (ف)

۱۳۵ ۔ حافظ و عزیز ۔

(منتخبات) حافظ و عزیز۔کابل : محمد حسن کریمی ، ۱۳۳۹ شمسی ۔ ۲۰۰ ص ۔ (ف)

۱۳۶ ۔ شاہوردی ، محمد ۔

فلسفہ ابن سینا ۔ تہران : کمیسیون توسعہ مبادلات فرہنگی ، ۱۳۳۳ شمسی ۔ ۹۶ ص ۔ (ف)

۱۳۷ ۔ محمد ابراہیم الاحمد الجامی الکابلی ۔

شرح حال ابن ادہم عارف گردون قباب ۔ کابل : مدیریت عمومی تبلیغات وزارت اطلاعات و کلتور ، ۱۳۸۶ ھ ۔ ۶۹ + ۲ ص ۔ (ف)

۱۳۸ ۔ نصر اللہ ھوتکی ، مولوی ۔

ارشاد قیوم رہبر نور المشائخ حضرت فضل عمر ۔ ۱۳۵ ھ شمسی ۔ ۴۵ ص ۔ (ف)

۱۳۹ ۔ عبداللہ افغانی نویس ۔

لغات عامیانہ فارسی افغانستان ۔ کابل : دولتی مطبعہ ، ۱۳۳۷ ۔ ۵۹۲ + ۴ ص ۔ (ف)

۱۴۰ ۔ محمد لاد ، مولوی ۔

مؤید الفضلا ۔ کان پور: نول کشور، ۱۸۹۹ء ۲ ج (دریک جلد) ۔ (ف)

۱۴۱ ۔ سعید نفیسی (مترجم) ۔
سرگذشت ابن سینا تعلیم خود او و شاگردش ابو عبید عبدالواحد جوز جانی ۔
تهران: انجمن دوستداران کتاب، ۱۳۳۱ شمسی ۔ ۱۹ + ۲۴ ص ۔ (ف)

۱۴۲ ۔ رضی الدین عبدالغفور لاری ۔
تکمله حواشی نفحات الانس، شرح حال مولانا جامی قدس سره، بتصحیح و مقابله و تحشیه بشیر هروی ۔ کابل: انجمن جامی، ۱۳۴۳ شمسی (؟) ۔ ۹۸ + ۵ ص ۔ (ف)

۱۴۳ ۔ احمد سرہندی فاروقی، مجدد الف ثانی ۔
مبدا و معاد و یلیه تائید اہل سنت ۔ استانبول: مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۹ء ۔ ۸۴ + ۴۹ + ۱۱ ص ۔ (ف)

۱۴۴ ۔ (۱) احمد فاروقی سرہندی، مجدد الف ثانی ۔
اثبات النبوۃ ۔ استانبول: المکتبۃ الحقیقۃ، ۱۹۸۳ء ۔ ۳۴ ص ۔ (ع)
(۲) ۔ احمد رضا خان ۔ الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ ۔ استانبول: المکتبۃ الیشیق، ۱۹۸۳ء ۔ ۱۵۱ + ۲۵ ص ۔ (ع)

۱۴۵ ۔ (۱) الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد ۔
المنقذ من الضلال ۔ استانبول المکتبۃ الیشیق، ۱۹۷۶ء ۔ ۵۰ ص ۔ (ع)
(۲) ۔ ایضاً ۔ الجام العوام من علم الکلام ۔ استانبول: المکتبۃ الیشیق، ۱۹۷۶ء ۶۳ ص ۔ (ع)
(۳) ۔ تحفۃ العشاق ۔ استانبول: المکتبۃ الیشیق، ۱۹۷۶ء ۔ ۳۲ ص ۔ (ف)

۱۴۶ ۔ ضیاء الدین خالد ۔
الایمان و الاسلام ۔ استانبول مکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۸ء ۔ ۹۱ + ۵ ص ۔ (ع)

۱۴۷ ۔ ایضاً ۔

الایمان والاسلام ۔ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۶ء ۔ ۹۱ + ۵ ص ۔ (ع)

۱۴۸ ۔ عبدالفتاح علی شہاب ۔

اتحاف الانام فی لماذا و کیف نحتفل بمیلاد النبی الخاتم ۔ دبی : ک ۔ ح ۔
الحسن ، 1981 ۔ ۴۰ ص ۔ (ع)

۱۴۹ ۔ اسحاق بن تاج الدین ابی الحسن الحافظ الملتانی ، ابو بکر ۔

خلاصۂ جواہر القرآن فی بیان معانی اللغات الفرقان ، تصحیح و حواشی و فہارس از دکتر ظہور الدین احمد ۔ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۸۵ء ۔ ۱۳۸ ص ۔ (ع ۔ ف)

۱۵۰ ۔ (۱) احمد بن ابی الحسن النامق الجامی ، ابو نصر ۔

مفتاح النجاۃ ۔ استانبول . مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۸ء ۔ ۸۸ ص ۔ (ف)

(۲) عبد اللہ انصاری ، خواجہ ۔

نصائح و مناجات ۔ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۸ء ۔ ۴۴ ص
(ف)

آخر میں امام ربانی کا مکتوب نو دو پنجم (۹۵) ہے

۱۵۱ ۔ روحی ، اصغر علی ۔

ارمغان احباب (قصیدہ) ۔ جھنگ : صوفی محمد ضیاء الحق ، ۱۹۴۰ء ۔ ۱۶ ص ۔
(ف)

۱۵۲ ۔ نجف علی تبریزی ۔

میزان الموازین فی امر الدین استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۹ء ۔ ۲۹۴ + ۳ ص ۔ (ف)

۱۵۳ ۔ النبہانی ، یوسف بن اسماعیل ۔

حجۃ اللہ علی العالمین فی معجزات سید المرسلین (ص) ۔ استانبول : مکتبہ حقیقۃ ، ۱۹۸۸ء مختلف صفحات ۔ (ع)

۱۵۴ ـ (۱) احمد بن زینی دحلان ، السید ـ
فتنہ الوھابیۃ ـ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۶ء ۔ ۶۶ ـ ۷۷ ص ـ (ع)
(۲) سلیمان بن عبدالوھاب النجدی ـ
الصواعق الالھیۃ فی الرد علی الوھابیۃ ـ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ،
۱۹۸۶ء ـ ۶۳ ص ـ (ع)
(۳) فضل رسول شاہ ـ
سیف الجبار المسلول علی الاعداء الابرار ـ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ،
۱۹۸۶ء ـ ۴۲ ص ـ (ع)
آخر میں سیوف اللہ الاجلۃ بمدد معین مجاھد الملتہ ـ ـ ـ ترتیب محمد عاشق
الرحمن القادری ہے ـ ۱۲۹ ص ـ (ع) [دو نسخے]

۱۵۵ ـ محمد حسن جان سرہندی طریق النجاۃ ـ استانبول : مکتبۃ الحقیقۃ ، ۱۹۸۸ ـ ۹۲ + ۴ ص ـ (ع)

۱۵۶ ـ ناصر الدین الالبانی ، محمد ـ
التوسل انواعہ و احکامہ ، مرتبہ محمد عبدالعباسی ، ۱۹۷۵ء ـ ۱۵۶ ص ـ (ع)

۱۵۷ ـ النبھانی ، یوسف بن اسماعیل ـ
الانوار المحمدیہ من المواھب الدنیہ ـ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۸
مختلف صفحات ـ (ع)

۱۵۸ ـ ابن قیم الجوزیہ ـ
الطب النبوی ـ حلب : المطبعۃ العلمیۃ ، ۱۹۲۷ء ۲۷۹ + ۵ ص ـ (ع)

۱۵۹ ـ ابوالمنی ابن ابی نصر العطار ـ
کتاب منہاج الدکان و دستور الاعیان فی اعمال و ترکیب الادویۃ النافعۃ للا
بدان ـ مصر : مصطفی البابی الحلبی ، ۱۳۲۹ھ ـ ۲۲۴ + ۱۶ ص ـ (ع)

۱۶۰ ـ سیلک ، لیونارڈ ـ
ثورۃ البحوث ، ترجمہ عمر القبانی ـ مصر : دار الکرنک للنشر و الطبع و التوزیع ،
.... ـ ۱۸۸ + ۱ ص ـ (ع)

۱۶۱ ـ حبیب الحق ، القاضی ـ
المسائل المنتجۃ فی الرسالہ و الوسیلۃ ـ استانبول : المکتبۃ الشیق ، ۱۹۷۶ء ـ
۷۹ ص ـ (ع)

۱۶۲ ـ ابو حامد بن مرزوق ـ
التوسل بالنبی و بالصالحین ـ استانبول : مکتبہ الحقیقۃ ، ۱۹۸۶ء ۳۳۶ ص ـ
(ع)
ویلیہ التوسل للشیخ العلامۃ المفتی محمد عبدالقیوم القادری الهزاروی ـ

۱۶۳ ـ ایضاً ـ ایضاً ـ (ع)

۱۶۴ ـ احمد التاجی ـ
قصہ ابی بکر الصدیق ـ قاہرہ : مصطفیٰ البابی الحلبی (س ـ ن) ـ ۶۴ ص ـ
(ع)

۱۶۶ ـ عبد الغنی النابلسی ـ
خلاصۃ التحقیق فی بیان حکم التقلید و التلفیق ـ استانبول : مکتبۃ الحقیقۃ ،
۱۹۸۶ء مختلف صفحات ـ (ع)
ویلیہ شرح الطریقۃ المحمدیۃ لعبد الغنی النابلسی

۱۶۷ ـ فضل الرسول القادری ، الشاہ ـ
المتقد المنتقد ـ مع تعلیقۃ اللطیف المسمی بالاسم التاریخی المستند المعتمد نباء
نجاۃ الابد ـ استانبول : مکتبۃ الحقیقۃ ، ۱۹۸۵ء ـ ۲۷۳ ص ـ (ع)

۱۶۸ ـ مہر علی شاہ ، مولانا ـ
تحقیق الحق فی کلمۃ الحق مترجم مع مختصر حالات حضور قبلہ عالم گولڑوی ،
بتصحیح و ترجمہ مولوی عبدالرحمن و مولوی فیض احمد ، راولپنڈی :
صاحبزادہ غلام معین الدین شاہ (س ـ ن) ـ ۲۸۸ ص ـ (ف ـ ا)

۱۶۹ ـ غلام محی الدین ـ

تحفۂ رسولیہ ۔ لاہور : مطبع محمدی ، ۱۳۲۴ھ ۔ ۶۴ ص ۔ (ف)

۱۷۰ ۔ محکم الدین بادشاہ سیرانی ، خواجہ ۔

تلقین لدنی (رسالہ بر شرح رموزات احسن الاسرار) ۔ آگرہ : ابو العلائی اسٹیم پریس (س ۔ ن) ۔ ۳۲ ص ۔ (ف)

۱۷۱ ۔ ولی اللہ دھلوی شاہ ۔

انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ مع اور ادفتحیہ ۔ لائلپور : کتب خانہ علویہ رضویہ مسجد نوری (س ۔ ن) ۔ ۱۸۴ ص ۔ (ف ۔ ا)

۱۷۲ ۔ نظام الدین اورنگ آبادی ، مولانا ۔

نظام القلوب ۔ دھلی : مطبع مجتبائی ، ۱۳۰۹ھ ۔ ۵۲ ص ۔ (ف)

۱۷۳ ۔ مشتاق احمد ، مولوی ۔

تحقیق مسح الجوربین با حادیث السنن و الصحیحین ۔ حیدر آباد دکن : مدرسہ نظامیہ ، ۱۳۰۶ھ ۔ ۲۰ ص ۔ (ف)

۱۷۴ ۔ علی بن حسین الواعظ الکاشفی ۔

رشحات ۔ کانپور : نولکشور ، ۱۹۱۱ء ۔ ۳۶۴ ص ۔ (ف)

۱۷۵ ۔ صدیق حسن خان ۔

المقالہ الفصیحتہ فی الوصیتہ و النصیحتہ ۔ اکبر آباد : مطبع مفید عام ، ۱۲۹۸ھ ۱۷۸ ص ۔ (ف)

۱۷۶ ۔ مراد شاہ ۔

مراد العاشقین ۔ لاہور : ملک فضل الدین و ملک چنن الدین و ملک تاج الدین ، ۱۳۲۷ھ ۔ ۶۱ + ۱ ص ۔ (ف)

۱۷۷ ۔ عبدالاحد ، محمد (مرتب) ۔

منتخب النفائس ۔ دھلی : مطبع مجتبائی ، ۱۳۰۸ھ ۔ ۱۷۲ ص ۔ (ا ۔ ف ۔ ع)

۱۷۸ ـ حسین بن عالم بن ابی الحسن ـ
نزهتہ الارواح ، بتصحیح محمد عبدالاحد ـ دہلی مطبع مجتبائی ، ۱۹۱۲ء ـ ۱۴۸ ص
(ف)

۱۷۹ ـ شریف خان ، محمد ـ
علاج الامراض فارسی ـ دھلی : اکمل المطابع ، ۱۳۰۳ ھ / ۱۸۹۷ء ـ ۵۳۰ + ۱۰ + ۲ ص ـ (ف)
آخری دو صفحات پر مولوی الطاف حسین حالی کی تقریظ شائع ہوئی ہے ـ
اس اعتبار سے یہ اشاعت خصوصی اہمیت کی حامل ہے ـ
(۲) حیدر علی خان ، حکیم ـ
نسخہ تسہیل العلاج ـ لاہور : مطبع مصطفائی ۱۳۰۹ ھ ـ ۲۱۸ ص ـ
(ف)

۱۸۰ ـ محمد بن مبارک علوی کرمانی ـ
سیر الاولیاء دراحوال و ملفوظات مشائخ چشت ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۸ء ـ ۴۰۶ ص ـ (ف)

۱۸۱ ـ محسن فانی کشمیری ـ
اخلاق عالم آرا ، اخلاق محسنی ، تصحیح رخ ـ جاویدی ـ اسلام آباد : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۸۲ء ـ ۲۵۱ ص ـ (ف)

۱۸۲ ـ عطار ، فرید الدین ـ
دیوان قصائد و ترجیعات و غزلیات ، با تصحیح و مقابلہ و مقدمہ ـ تہران ، کتابخانہ سنائی ، ۱۳۳۹ شمسی ـ ۵۵۵ ص ـ (ف)

۱۸۳ ـ عبرت لاہوری ، محمد قاسم ـ
عبرت نامہ ، بہ تصحیح و حواشی خلاصہ کتاب و مقدمہ ظہور الدین احمد ، لاہور : ادارہ تحقیقات پاکستان ، دانشگاہ پنجاب ، ۱۹۷۷ء ـ ۳۴۸ ص ـ

(ف)

۱۸۴ ـ سنائی، حکیم ـ

مثنویهای حکیم سنائی، بانضمام شرح سیر العباد الی المعاد، با تصحیح و مقدمه از سید محمد تقی مدرس رضوی ـ تهران: انتشارات بابک، ۱۳۶۰ شمسی ـ ۳۸۲ ص، (ف)

۱۸۵ ـ الغزالی، ابو حامد محمد ـ

کتاب کیمیای سعادت ـ استانبول: المکتبہ الحقیقۃ، ۱۹۸۶ء ـ مختلف صفحات ـ (ف)

۱۸۶ ـ محمد بن رشد، ابوالولید ـ

فصل المقال فی مابین الحکمۃ والشریعۃ من الاتصال ـ ترجمہ از سید جعفر سجادی ـ تهران: انجمن فلسفہ ایران، ۱۹۷۹ء ـ ۱۰۱ ص ـ (ف)

۱۸۷ ـ شاہ داعی الی اللہ شیرازی ـ

نسایم گلشن (شرح گلشن راز) تصحیح محمد نذیر رانجھا ـ اسلام آباد: مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۹۸۳ء ـ ۳۷۵ ص ـ (ف)

۱۸۸ ـ بہاء الدین زکریا ملتانی، شیخ الاسلام ـ

